الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

مملكة البحرين
KINGDOM OF BAHRAIN

نواصل بعزم

Urdu

کورونا وائرس (COVID-19) کو پھیلنے سے روکنے کے لئے ساحل سمندر پر مشتمل تجارتی اداروں کے لئے صحت سے متعلق ضروری شرائط

عام شرائط

ساحل سمندر اور اس سے منسلک سیاحتی سہولیات پر جانے سے پہلے انتظامیہ کو چاہئے کہ اپنی جانب سے تیار کئے گئے فارم فراہم کرے جس میں ذاتی معلومات کو درج کیا جائے اور دوسرے سوالات کے جواب ہوں۔ خاص طور پر ذاتی معلومات (نام، فون نمبر اور پتہ) اور مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب (جو پچھلے 14 دن کے حساب سے دیئے جائیں)

نام
فون نمبر
اور پتہ

کیا آپ کو ان میں سے کوئی تکلیف ہے؟

بخار | کھانسی | تھکاوٹ | سانس لینے میں تکلیف | بو کا احساس نہ ہونا | ذائقہ کا احساس نہ ہونا | گلے میں سوزش یا جلن

کیا آپ مذکورہ بالا علامات میں مبتلا کسی شخص کے ساتھ رابطے میں تھے یا کسی ایسے شخص کے ساتھ جو کورونا وائرس (COVID-19)کا مریض ہو؟

کیا آپ کسی ایسے شخص کے ساتھ رہتے ہیں جو سیلف آئسولیشن کے تحت گھر میں قرنطینہ کی مدت گذار رہا ہو؟

اگر کوئی شخص ان میں سے کسی بھی سوال کا جواب ہاں میں دیتا ہے تو انتظامیہ کو چاہئے کہ اسے اندر داخل ہونے سے روک دے۔

ساحل سمندر پر آنے والے افراد اور وہاں کے ملازمین کو مذکورہ فارم مکمل کرنا ہوگا۔



ساحل سمندر پر جانے والوں کو دوسروں کے ساتھ رابطے کے وقت ماسک پہننا چاہئے، اور عدم تعمیل کی صورت میں خلاف ورزی کرنے والے شخص کو وہاں سے چلے جانے کے لئے کہا جائے۔

نواصل بعزم

Urdu

الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

مملكة البحرين
KINGDOM OF BAHRAIN

کورونا وائرس (COVID-19) کو پھیلنے سے روکنے کے لئے ساحل سمندر پر مشتمل تجارتی اداروں کے لئے صحت سے متعلق ضروری شرائط

انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ ملازمین کو اپنی ذاتی صفائی ستھرائی اور عام حفظان صحت کے اصولوں کا پابند بنائے۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ وہ ملازمین اور ساحل سمندر پر جانے والوں کا تھرمامیٹر (Infrared Thermometer) سے درجۂ حرارت چیک کرے۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ جس کا درجۂ حرارت (37.5) ڈگری سیلسیس یا اس سے زیادہ ہو یا جس میں (COVID-19) کی علامتیں پائی جاتی ہوں اسے داخل ہونے سے روکے، اور وہ فورا وہاں سے چلا جائے اور 444 پر فون کرے۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ داخل ہونے والے گیٹ پر اور ساحل کے علاقے میں مختلف مقامات پر سینیٹائزر (جس میں کم از کم 70٪ الکحل ہو) مہیا کرے۔

تمام ملازمین ہر وقت دستانے اور ماسک پہننے کی پابندی کریں۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ ملازمین کے فون نمبر کا ریکارڈ رکھیں۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ داخلے اور باہر نکلنے کے دروازوں پر یکطرفہ راستے کی تعیین کے لئے سائن بورڈ استعمال کریں، اور ہر وقت سماجی فاصلہ اور دوری کو یقینی بنائیں۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ مختلف جگہوں پر "ایک گروپ میں 5 سے زائد افراد جمع نہ ہوں" کی نشاندہی کرنے والے سائن بورڈ لگائے۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ حفظانِ صحت کی بیداری سے متعلق اور ہاتھ دھونے کے طریقے کے بارے میں پوسٹر لگائے۔ (وزارت صحت کی سائٹ پر مختلف زبانوں میں دستیاب ہے)۔

ملازمین کو چاہئے کہ ساحل سمندر پر آنے والوں کو ہدایت دیں (خواہ وہ اکیلے ہوں یا گروپوں میں ہوں) کہ وہ اپنے درمیان (2) میٹر کا فاصلہ برقرار رکھیں۔

ملازمین کو چاہئے کہ آپس میں رابطہ کم کرنے کے لئے اور محفوظ فاصلوں کو برقرار رکھنے کے لئے بیٹھنے کی جگہوں کو دوبارہ ترتیب دیں۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ تمام جگہوں کو صاف کرنے اور جراثیم سے پاک کرنے کا اہتمام کرے اور یومیہ کرایے کے لئے استعمال ہونے والے سامان کو ہر استعمال کے بعد جراثیم سے پاک کرے۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ کو تولیوں کو (80) ڈگری درجۂ حرارت یا اس سے زیادہ گرم پانی سے دھوئیں (البتہ ابلتے ہوئے پانی سے نہ دھوئیں)۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ غسل خانے، سونا کے کمرے، کپڑے بدلنے والے کمرے اور دیگر عام استعمال والی جگہوں کو تا اطلاع ثانی بند کردے (بیت الخلا کے علاوہ)۔

نواصل بعزم

Urdu

الحملة الوطنية لمكافحة فيروس كورونا (COVID-19)

مملكة البحرين
KINGDOM OF BAHRAIN

کورونا وائرس (COVID-19) کو پھیلنے سے روکنے کے لئے ساحل سمندر پر مشتمل تجارتی اداروں کے لئے صحت سے متعلق ضروری شرائط

انتظامیہ کو چاہئے کہ ہر استعمال کے بعد بیت الخلاء کی مکمل صفائی کروائے، اور کام ختم ہونے کے بعد الیکٹرانک آلات کو جراثیم سے پاک کریں، اور ساحل سمندر پر آنے والے افراد کی استعمال شدہ ذاتی اشیاء کو صحیح طریقے سے زائل کریں۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ ہر جگہ کافی تعداد میں کوڑے دان کا انتظام کریں اور وقفہ وقفہ سے کچرے کی صفائی کریں۔

ایسی جگہ جہاں ساحل پر تجارتی مراکز اور دکانیں ہوں انہیں سامان فروخت کرنے کی اجازت ہے بشرطیکہ وزارت صحت کی جانب سے جاری کی گئی ہدایات اور صحت عامہ سے متعلق ضابطوں پر عمل کیا جائے، اور صارفین کو الیکٹرانک ادائیگی کے طریقوں کی ترغیب دی جائے۔ ملازمین سے گذارش ہے کہ خریداری کے دوران صارفین کی مدد کریں تاکہ وہاں موجود اشیاء کے ساتھ ان کا رابطہ کم سے کم ہو، اور اگر کوئی شخص کچھ خریدنا چاہتا ہے تو انتظار کے دوران زمین پر لگائے گئے نشانوں پر کھڑا ہونا چاہئے۔

انتظامیہ کو چاہئے کہ ان کے ما تحت تمام ریسٹورانٹ اور کھانے پینے کی اشیاء فروخت کرنے والوں کو صرف بیرونی آرڈر (ٹیک اوے) کی اجازت دے۔

صحت عامہ سے متعلق ضابطوں پر عمل کو یقینی بنانے کے لئے تمام ادارے اس قرار داد کی دفعات کے مطابق متعلقہ سرکاری اداروں کی جانب سے تفتیش اور معائنہ کے پابند ہوں گے۔

تمام تجارتی ادارے جو اس قرار داد میں مذکور شرائط اور ضابطوں پر عمل کرنے کی اہلیت نہیں رکھتے انہیں اپنے ساحلی علاقے کھولنے کی اجازت نہیں ہوگی۔